لیکن پروفیسر ظفر احمد کا مضمون ''فکر و نظر کی مستحکم بنیادیں'' خاص طور پر قابل ذکر ہے جس میں مطالعہ سیرت کے حوالے سے ممکنہ فکری لغزشوں اور سیرت فہمی میں خلط مبحث سے بچنے کے لیے دلائل نقلیہ و عقلیہ سے رہنمائی حاصل کی گئی ہے۔ ''آئینہ حیات ہادیٔ اعظمؐ'' کے عنوان سے زمانی ترتیب کے ساتھ واقعات سیرت کا انتہائی جامع ''اختصاریہ'' بھی معلومات افزا ہے۔

تمام مضامین میں حوالہ جات کا اہتمام رسالے کے تحقیقی اسلوب کی نشان دہی کرتا ہے لیکن چند مقامات پر حوالہ جات کی غلطیاں اور قرآنی آیات تک میں کتابت کی غلطیاں نظر آتی ہیں جو کسی علمی رسالے کے لائق شان نہیں۔ مجموعی طور پر یہ ایک قابل مطالعہ دستاویز ہے۔ (ڈاکٹر محمد حماد لکھوی)

تعارف کتب

☆ تعلیم نسواں، پروفیسر رب نواز۔ ناشر: ادارہ تعلیمی تحقیق، ۳- بہاول شیر روڈ، لاہور۔ صفحات: ۸۷۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [بعثت نبویؐ سے قبل عورت کی تعلیمی و معاشرتی حالت، تعلیم نسواں کے لیے آنحضورؐ کے اقدامات اور خواتین کی تعلیم کے لیے ازواج مطہرات کے کردار پر اقتباسات اور حوالوں کے ساتھ ایک تحقیقی تحریر۔]

☆ مجلّہ سیارہ، صدر مجلس ادارت: پروفیسر آسی ضیائی۔ رابطہ: ایوانِ ادب، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۳۶۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [اشاعت خاص ۴۷، مارچ اپریل۔ حمد و نعت، مقالات و منظومات، افسانہ و غزل۔ تبصرۂ کتب، بہ یاد رفتگاں، محفل غائبانہ پیشانی: ''تعمیری اور فلاحی ادب کا نقیب''۔ چند لکھنے والے: نعیم صدیقی، حفیظ تائب، ڈاکٹر انور سدید، عبدالرحمٰن چغتائی، تحسین فراقی، اعجاز احمد فاروقی، ریاض مجید، حکیم سروسہارن پوری، علیم ناصری۔]

☆ محاصرۂ قادیانیت، محمد طاہر رزاق۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ، ملتان۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت: ۹۰ روپے۔ [قادیانیت کے ماضی و حال، افراد و اداروں، سرگرمیوں اور سازشوں کے احوال پر مبنی اخبارات و رسائل میں شائع شدہ مصنف کے مضامین جو دل چسپ ہیں، اور ان میں موضوعاتی تنوع ہے۔]

☆ پندرھویں صدی میں خلافت راشدہ کا سیاسی و اقتصادی نظام، محمد شریف چغتائی۔ پتا: غفور منزل، ۹ جان محمد روڈ، انارکلی، لاہور۔ صفحات: ۱۲۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [بقول مصنف، اس کتاب میں فرض کیا گیا ہے کہ ۱۵ ویں صدی ہجری میں خلافت راشدہ دوبارہ قائم ہو چکی ہے۔ مغربی دنیا کے دانش ور، تجزیہ نگار، صحافی اس معاشرے کے مطالعے کے لیے آرہے ہیں۔ ایک دانش ور نے خلافت کے تمام سیاسی و اقتصادی شعبوں کے مطالعے کے بعد جو رپورٹ لکھی، وہ یہی کتاب ہے--- مثالی ریاست کا ایک خیالی اور تصوراتی [یوٹوپین؟] نقشہ۔ مصنف کی نیک تمنائیں خوب ہیں، مگر کیا مغرب کی سامراجی قوتیں ایسے نظام حکومت کو ٹھنڈے پیٹوں برداشت کریں گی؟ مصنف کا مطالعۂ قرآن و سیرت پاکؐ اور تاریخ اسلام بہت اچھا ہے۔]

☆ حیات رسولؐ، ڈاکٹر محمد ایوب خان۔ ادارۂ اشاعت قرآن، ۲۹۴- توسیع کیولری، لاہور کینٹ۔ صفحات: ۲۲۲۔ قیمت: ۸۰ روپے۔ [سیرتِ پاکؐ جس کا مقصد ''اس بے مثال زندگی کی جھلک دکھا کر قارئین کو آمادۂ عمل کرنا ہے'' --- مسلمان ''آپس میں